کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر)، معاون وزیراعلیٰ بلوچستان شاہد رند نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر تیزاب گردی کا نشانہ بننے والی لیڈی ڈاکٹر ماہ نور ناصر کے بیرون ملک علاج معالجے کا فیصلہ چیف منسٹر سیکرٹریٹ نے ڈاکٹر ماہ نور ناصر کے بیرونِ ملک علاج کے لیے متعلقہ حکام کو باضابطہ مراسلہ جاری کر دیا ڈاکٹر ماہ نور ناصر کا علاج کراچی کے آغا خان اسپتال میں جاری ہے اور مزید ایک ہفتے تک علاج و معالجہ جاری رہے گا ڈاکٹر ماہ نور ناصر کو مزید خصوصی علاج کے لیے امریکہ بھجوایا جائے گا، حکومت بلوچستان نے اس ضمن میں ضروری کارروائی کا آغاز کر دیا ہے، حکومت بلوچستان متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کو علاج کی بہترین سہولیات فراہم کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## پائیدار امن کا قیام پولیس کی اولین ترجیح ہے' ایس ایس پی بارکھان

### عوام جرائم کے خاتمے اور امن کے فروغ کیلئے پولیس کے ساتھ تعاون کریں' عبدالحق

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ایس پی بارکھان عبدالحق کی زیر صدارت ضلع میں امن و امان کی مجموعی صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈی ایس پی بارکھان سمیت مختلف سیاسی جماعتوں، سماجی حلقوں اور تاجر برادری کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما و سابق ڈسٹرکٹ چیئرمین وڈیرہ امیر محمد کھیتران، نیشنل پارٹی کے رہنما محمد سلیم کھیتران، پاکستان تحریک انصاف کے ضلعی صدر حاجی محمد ......... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

طارق کھیتران، بلوچستان نیشنل پارٹی (مینگل) کے ضلعی صدر محمد صدیق کھیتران، نوجوان عوامی رہنما میر مسعود خان کھیتران، جمعیت علماء اسلام بارکھان کے جنرل سیکرٹری تاج محمد کھیتران، انجمن تاجران رکنی کے ضلعی صدر فرید اللہ کھیتران اور انجمن تاجران بارکھان کے عہدیداران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ضلع میں امن و امان کی موجودہ صورتحال، چوری و ڈکیتی کے واقعات کی روک تھام، ٹریفک مسائل، پولیس گشت کو ڈر بنانے، جوا و منشیات کے خلاف کارروائیوں اور بازاروں میں سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب سمیت مختلف اہم امور پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اس موقع پر ایس پی بارکھان عبدالحق نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ اور علاقے میں پائیدار امن کا قیام پولیس کی اولین ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بارکھان شہر اور رکنی سمیت مختلف علاقوں میں پولیس گشت کو مزید موثر اور فعال بنایا جائے گا تاکہ جرائم کی روک تھام اور شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ جرائم کے خاتمے اور امن کے فروغ کیلئے پولیس کے ساتھ مکمل تعاون کریں۔ انہوں نے واضح کیا کہ قانون کی عملداری ہر صورت یقینی بنائی جائے گی اور کسی بھی شخص کو قانون اپنے ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ اجلاس کے شرکاء نے ضلع بارکھان میں امن و امان کے استحکام، جرائم کے خاتمے اور عوامی مسائل کے حل کے لئے پولیس کے ساتھ ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی اور باہمی رابطوں کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا۔

## ڈی سی کوئٹہ کی زیر صدارت شیعہ کانفرنس کے نمائندوں کے ساتھ اجلاس

### محرم الحرام کے دوران فول پروف سیکیورٹی کے انتظامات کو یقینی بنائیں گے مہراللہ بادینی

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت شیعہ کانفرنس کے نمائندوں کے ساتھ ایک اجلاس منعقد ہوا، جس میں محرم الحرام اور یوم عاشورہ کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں عزاداروں کو درپیش سہولیات، بالخصوص پانی اور گیس کی فراہمی، سیکیورٹی انتظامات اور دیگر متعلقہ امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ شیعہ کانفرنس کے نمائندوں نے اپنی تجاویز اور سفارشات پیش کیں، جنہیں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے غور کیلئے نوٹ کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے یقین دہانی کرائی کہ محرم الحرام کے دوران عزاداروں کو تمام ممکنہ سہولیات کی فراہمی اور فول ......... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

پروف سیکیورٹی انتظامات کو یقینی بنایا جائے گا اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ اور اسسٹنٹ کمشنر صدر محمد یوسف ہاشمی نے بھی شرکت کی۔

## بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج، بجٹ پر بحث ہوگی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا، تفصیلات کے مطابق بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج ہفتہ کی صبح 11 بجے ہوگا، اجلاس میں بجٹ پر بحث مکمل کی جائیگی۔ اجلاس میں مالی سال 2026-27 کے...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

بجٹ پر اراکین اسمبلی کی جانب سے عام بحث کی جائے گی جبکہ ضمنی میزانیہ بابت مالی سال 2025-26 پر عام بحث اور تخمینہ جات ضمنی میزانیہ بابت مالی سال 2025-26 ضمنی مطالبات زر برائے مالی سال 2025-26 پر رائے شماری کی جائے گی

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

لیٰ تعلقات عامہ
ت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 2

Dated: 20 JUN 2026

Pa


## تربت، آئی جی FC ساؤتھ نے وومن ووکیشنل سنٹر کا افتتاح کیا

### ایف سی نے پرواز فاؤنڈیشن کے زیرانتظام دو ماہ میں مرکز کی تزئین و آرائش مکمل کی

### سنٹر میں پہلے بیچ کی کلاسز کا آغاز، 40 طالبات اور 11 انسٹرکٹر حصہ لے رہے ہیں

تربت (پ ر) آئی جی ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) نے پرواز فاؤنڈیشن کے زیر انتظام تزئین و آرائش کے بعد فعال ہونے والے ووِیمن ووکیشنل ٹریننگ سنٹر کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ واضح رہے کہ وویمن ووکیشنل ٹریننگ سنٹر تربت کے قیام کے لیے 2018 میں ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) نے زمین عطیہ کی تھی، جس کے بعد یہ سنٹر خواتین کی فنی تربیت، مہارتوں کے فروغ کے لیے ایک موثر پلیٹ فارم کے طور پر خدمات انجام دیتا رہا۔ تاہم وقت کے ساتھ عمارت خستہ حالی کا شکار ہوگئی جس کے باعث خواتین کو مشکلات کا سامنا تھا۔ اس ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) نے پرواز فاؤنڈیشن کے تحت اس مرکز کی تزئین و آرائش اور بحالی کا منصوبہ شروع کیا۔ دو ماہ کے مختصر عرصے میں مکمل ہونے والے اس منصوبے کے نتیجے میں ایک جدید ووکیشنل ٹریننگ سنٹر کا قیام عمل میں لایا گیا۔ سنٹر میں تین مختلف مراکز کا قیام عمل میں لایا گیا، جن میں انفارمیشن ٹیکنالوجی (آئی ٹی) سینٹر، سلائی، کڑھائی و دستکاری سینٹر اور بیوٹیشن اسکلز سینٹر شامل ہیں۔ آئی ٹی سینٹر کو 26 جدید کمپیوٹرز فراہم کیے گئے ہیں۔ سلائی و کڑھائی سینٹر میں 30 سلائی مشینیں اور 22 کڑھائی مشینیں فراہم کی گئی ہیں، جبکہ بیوٹیشن سینٹر میں 3 جدید ورک اسٹیشنز اور تربیتی وسائل مہیا کیے گئے ہیں۔ سینٹر میں پہلے بیچ کی کلاسز کا باقاعدہ آغاز ہو چکا ہے، جس میں 40 طالبات اور 11 انسٹرکٹرز حصہ لے رہے ہیں۔ دوسری بیچ کے لیے داخلوں کا عمل بھی جاری ہے اور مقامی خواتین کی جانب سے بھرپور دلچسپی کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ مقامی خواتین نے ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کی جانب سے ہنرمندی کے ذریعے خواتین کو بااختیار بنانے کے اس اقدام پر خصوصی شکریہ ادا کیا۔

## صوبائی سرکاری دفاتر کے اخراجات میں کروڑوں کے اضافے کا انکشاف

### گاڑیوں کے فیول، اسٹیشنری و دیگر مدات میں اخراجات 11 ارب 96 کروڑ بڑھ گئے

### پچھلے دس برسوں کے دوران دفتری اخراجات میں یہ سب سے بڑا اضافہ ہے، ذرائع

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان میں سرکاری دفاتر کے اخراجات میں ساڑھے 11 ارب 96 کروڑ روپے کے اضافے کا انکشاف، گزشتہ مالی سال کے دوران اخراجات (باقی صفحہ 5 نمبر 23)

میں 8 ارب روپے کا اضافہ ہوا تھا۔ باوثوق ذرائع کے مطابق بلوچستان میں دفاتر کے آپریٹنگ اخراجات گاڑیوں کے تیل، اسٹیشنری، یوٹیلیٹی بلز اور دیگر دفتری اخراجات میں ساڑھے 11 ارب 96 کروڑ روپے کا اضافہ ہوا ہے۔ رواں مالی سال کیلئے آپریٹنگ اخراجات کا تخمینہ 37 ارب 35 کروڑ روپے لگایا گیا تھا تاہم سال کے آخر میں یہ اخراجات 49 ارب 31 کروڑ روپے تک پہنچ گئے ہیں، ذرائع کے مطابق بجٹ میں مختص ابتدائی رقم کے مقابلے میں 11 ارب 96 کروڑ روپے اضافی خرچ ہوئے ہیں گزشتہ دس سال میں دفتری اخراجات میں یہ سب سے بڑا اضافہ ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

تعلقات عامہ بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 20 JUN 2026


# حکومت قبائلی منصوبوں میں تبدیلیوں سے گریز کرے، عوامی نیشنل پارٹی

## شیرانی کے ضلعی ہیڈکوارٹر کو میر علی خیل سے مانی خوا منتقل کرنے کا فیصلہ عوامی امنگوں کے برعکس ہے

### اے این پی آل پارٹیز اور مقامی معتبرین پر مشتمل کمیٹی کے ساتھ چٹان کی طرح کھڑی رہے گی، صوبائی بیان

کوئٹہ (یو این اے) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی بیان میں ضلع شیرانی کے ضلعی ہیڈکوارٹر کو میر علی خیل سے مانی خوا منتقل کرنے کے فیصلے پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے اسے زمینی حقائق، انتظامی ضرورتوں اور مقامی عوام کی امنگوں کے سراسر برعکس قرار دیا گیا ہے۔ پارٹی کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ میر علی خیل کو ضلعی ہیڈکوارٹر کی حیثیت حاصل ہونے کے بعد وہاں پہلے ہی ضلعی کمپلیکس، مختلف ....... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

سرکاری دفاتر، رہائشی ریسٹ ہاؤسز اور دیگر بنیادی سہولیات کے قیام پر قومی خزانے سے اربوں روپے خرچ کئے جا چکے ہیں۔ ایسے میں اربوں روپے کی سرکاری تنصیبات کو غیر فعال کر کے ضلعی ہیڈکوارٹر کو کسی ایسی جگہ منتقل کرنا جہاں مطلوبہ انتظامی ڈھانچہ اور بنیادی سرکاری سہولیات سرے سے موجود ہی نہ ہوں، نہ صرف قومی وسائل کا ضیاع ہوگا بلکہ عوام کو بھی شدید سفری و انتظامی مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ میر علی خیل اپنی جغرافیائی حیثیت کے باعث غیر معمولی اور کلیدی اہمیت کا حامل علاقہ ہے

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

ظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 84 | Dated: 20 JUN 2026 | Page No. 21

## گلستان میں ڈرون طیاروں کی بمباری، متعدد رہائشی کنٹینرز تباہ

**رات گئے بمباری سے شدید خوف و ہراس، جانی و مالی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی**

قلعہ عبداللہ (نامہ نگار) گلستان میں مبینہ ڈرون حملے کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق کلی گلستان کاریز میں فیض اللہ غبیزئی کے ٹھکانے پر گزشتہ رات نامعلوم سمت سے آنے والے دو ڈرون طیاروں نے بمباری کی، جس کے نتیجے میں کئی رہائشی کنٹینرز تباہ ہوگئے۔ خوش قسمتی سے بمباری کے وقت کنٹینرز میں کوئی شخص موجود نہیں تھا، جس کے باعث کسی جانی نقصان کی اطلاع موصول نہیں

بقیہ نمبر 60 صفحہ 5 پر

ہوئی۔ رات تقریباً تین بجے ہونے والی اس بمباری سے علاقے میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا، جبکہ بڑی تعداد میں مقامی لوگ گھروں سے باہر نکل آئے۔ واضح رہے کہ اس واقعے کی سرکاری سطح پر تاحال تصدیق یا تردید سامنے نہیں آئی ہے۔

---

Century Express Quetta

## کوئٹہ، خاتون کی بچوں سمیت خودسوزی کی دھمکی

**بروری بائی پاس پر واقع زمین پر بااثر افراد نے قبضہ کرلیا، ساجدہ عبدالنبی**

**حکومت نے قبضہ ختم نہ کرایا تو بچوں سمیت خودسوزی کرلوں گی، پریس کانفرنس**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ کے علاقے ویج ایڈ کی رہائشی خاتون ساجدہ عبدالنبی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت بروری بائی پاس پر واقع ان کی زمین پر قبضہ ختم کرائے بصورت دیگر وہ اپنے بچوں سمیت خودسوزی کریں گی جس کی تمام تر ذمہ داری اعلیٰ حکام پر عائد ہوگی، یہ بات انہوں نے کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ میں نے بروری بائی پاس پر واقع اپنی 2400 فٹ زمین میں سے 1200 فٹ یعنی آدھی زمین فروخت کی تاہم بااثر افراد نے 1200 کی بجائے کل 2400 فٹ اراضی پر قبضہ کر رکھا ہے میرے پاس زمین کے تمام تر ثبوت موجود ہیں اور اس حوالے سے کیس زیر سماعت بھی ہے، مذکورہ اشخاص مجھے ڈرا دھمکا رہے ہیں کہ میں اپنی زمین سے دستبردار ہوجاؤں جس سے کسی صورت دستبردار نہیں ہوں گی، انہوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ میری زمین واگزار کرائی جائے بصورت دیگر اپنے بچوں سمیت خودسوزی کروں گی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 20 JUN 2026 Page No. 2

## چاول کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ، صارفین شدید پریشانی کا شکار

**سپر کرنل 430 روپے کلو، مختلف برانڈز کے چاول 640 روپے تک پہنچ گئے**

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) ملک میں چاول کی قیمتوں میں اضافے کا سلسلہ جاری ہے، جس کے باعث یہ عام صارفین کی قوت خرید سے بتدریج باہر ہوتے جا رہے ہیں۔ مختلف ...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

اقسام کے چاول کی قیمتوں میں حالیہ اضافے نے گھریلو بجٹ پر مزید دباؤ بڑھا دیا ہے۔ مارکیٹ میں سپر کرنل چاول 10 روپے اضافے کے بعد 430 روپے فی کلوگرام میں فروخت ہو رہا ہے، جبکہ کائنات باسمتی چاول کی قیمت 520 روپے فی کلوگرام تک پہنچ گئی ہے۔

INTEKHAB QUETTA

## بسیمہ آر ایچ سی میں ادویہ کی کمی، مریضوں کو مشکلات کا سامنا

**سیاہوزئی کی ادویات ایک ماہ سے زائد عرصہ گزرنے کے باوجود واشک میں پڑی ہیں جبکہ مریض سرکاری ادویات سے محروم ہیں، عوامی حلقے**

بسیمہ (نمائندہ انتخاب) سیاہوزئی کے عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ آر ایچ سی سیاہوزئی کے لیے مختص ادویات ایک ماہ سے زائد عرصہ گزرنے کے باوجود واشک ہیڈکوارٹر میں پڑی ہوئی ہیں، مگر انہیں ہسپتال منتقل کرنے میں مسلسل تاخیر کی جا رہی ہے۔ عوام کے مطابق یہ صورتحال علاقے کے مریضوں کے لیے شدید مشکلات کا باعث بن رہی ہے، عوامی حلقوں نے کہا کہ ہسپتال میں ڈاکٹرز اور طبی عملہ اپنی خدمات انجام دے رہا ہے، تاہم ادویات کی عدم دستیابی کے باعث مریضوں کو مطلوبہ سرکاری ادویات نہیں مل رہیں اور وہ شدید مہنگائی کے باوجود بازار سے ادویات خریدنے پر مجبور ہیں، عوامی حلقوں کے مطابق سابق ڈی ایچ او کے دور میں آر ایچ سی سیاہوزئی کی ادویات چوری ہونے کے واقعات بھی سامنے آئے تھے، جبکہ موجودہ ڈی ایچ او بھی ادویات کو بروقت ہسپتال پہنچانے میں ناکام نظر آ رہی ہے، عوام کا کہنا ہے کہ اگر سرکاری ادویات ہسپتالوں کے بجائے دفاتر اور گوداموں میں پڑی رہیں تو صحت کی سہولیات فراہم کرنے کا مقصد متاثر ہوتا ہے، عوامی حلقوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان، سیکرٹری صحت اور کمشنر رخشان ڈویژن سے مطالبہ کیا ہے کہ آر ایچ سی سیاہوزئی کی ادویات فوری طور پر ہسپتال منتقل کی جائیں اور اس تاخیر کے ذمہ دار افسران کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے۔

## سینٹ گیبریل پرائمری سکول کی عمارت خالی کرانیکا نوٹس لینے کا مطالبہ

**کمرشل پلازے کی تعمیر کا منصوبہ 75 سال سے بچوں کو تعلیم سے آراستہ کیا جارہا ہے' کنزیومر سول سائٹی**

کوئٹہ (آن لائن) کنزیومر سول سائٹی بلوچستان کے چیئرمین ایجوکیشن سیل محمد نعیم خان اور پروڈیکٹر ضیارفی پراپرٹیز بلوچستان عدنان جہانگیر مسیح نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری شکیل قادر خان، محکمہ اوقاف، انسانی حقوق کے اداروں، عدلیہ، اقلیتی کمیشن اور سول سوسائٹی سے اپیل کی ہے کہ کوئٹہ میں گزشتہ 75 سال سے کوئٹہ کے بچوں کو تعلیم فراہم کرنے والے سینٹ گیبر بقیہ نمبر 21 صفحہ 5 پر

یل پرائمری سکول کی عمارت کو تعلیمی سرگرمیوں سے خالی کرا کر کمرشل پلازے کی تعمیر کا نوٹس لیتے ہوئے بچوں کے مستقبل کو بچائیں یہ بات انہوں نے جمعہ کو اپنے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی انہوں نے کہا کہ مذکورہ ادارہ 1953ء میں قائم ہوا اور ہزاروں طلباء نے اس سے مستفید ہوئے اور تعلیم حاصل کی انہوں نے کہا کہ ہمیں اطلاعات ملی ہیں کہ قیمتی اراضی کو تعلیمی مقصد کے بجائے کمرشل منصوبے میں تبدیل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے اس ضمن میں سکول کی پرنسپل نے عدالت میں استقرار حق کی پٹیشن دائر کی تھی لیکن مبینہ طور پر دباؤ میں لاکر پٹیشن واپس لینے کے لئے مجبور کیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ ان تمام واقعات اور پس منظر کی شفاف تحقیقات کر کے حقائق عوام کے سامنے لائے جائیں ہمارا مقصد کسی مذہبی ادارے، فرد یا سرکاری محکمے کے خلاف مہم چلانا نہیں بلکہ ایک تاریخی تعلیمی ادارے کو بچانا اور بچوں کے حق تعلیم کے تحفظ کو یقینی بنانا ہے انہوں نے کہا کہ سینٹ گیبریل پرائمری سکول کی عمارت اور اراضی کو تعلیم کے لئے مختص رکھا جائے سکول کو فوری دوبارہ فعال بنا کر طلباء اور اساتذہ کو تعلیمی ماحول دیا جائے صوبائی حکومت محکمہ اوقاف، ضلعی انتظامیہ اور عدلیہ معاملے کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائیں اور کسی قسم کی کمرشل تعمیرات یا پلازے کے منصوبے کو تحقیقات مکمل ہونے تک روکا جائے۔ اقلیتی برادری کے تعلیمی اداروں اور تاریخی تعلیمی ورثے کے تحفظ کے لئے مستقل پالیسی بنائی جائے اور بچوں کے حق تعلیم کے تحفظ کے لئے حکومت مداخلت کرے ہمارا وزیر اعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری بلوچستان اور دیگر اعلیٰ سے مطالبہ ہے کہ اس تاریخی تعلیمی ادارے کو بند ہونے سے بچایا جائے۔

Century Express Quetta

## مسلم اتحاد کالونی کے برساتی نالے پر قبضہ ختم کرانے کا مطالبہ

**غیر قانونی تعمیرات سے جانی و مالی نقصان کا اندیشہ ہے، پشتونخوا میپ**

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے جاری کردہ بیان میں کوئٹہ کے مسلم اتحاد کالونی و بریچ کالونی کے درمیان سیلابی نالے اور دیگر علاقوں میں برساتی نالوں پر غیر قانونی تعمیرات اور قبضے نہ صرف قانون کی خلاف ورزی ہیں بلکہ یہ عوام کی جان و مال کے لیے بھی سنگین خطرہ بن چکے ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ متعلقہ انتظامیہ کی غفلت اور کمزور نگرانی کے باعث کئی مقامات پر برساتی نالوں پر تعمیرات اور تجاوزات قائم ہو چکی ہیں، اگر اس غیر قانونی تعمیراتی کام اور قبضہ کو روکا نہ گیا تو کسی بھی ناخوشگوار واقعہ کی ذمہ داری محکمہ اریگیشن اور ضلعی انتظامیہ ہوگی۔ انتظامیہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ صرف کاغذی اقدامات تک محدود نہ رہے بلکہ عملی طور پر غیر قانونی قبضوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کرے۔ بیان میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ مسلم اتحاد کالونی سمیت تمام کوئٹہ شہر میں تمام برساتی نالوں کی نشاندہی، سروے اور بحالی کو یقینی بنایا جائے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

ظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 20 JUN 2026 Page No. 23


## بلوچستان حکومت کا سیف سٹیز پروجیکٹ کا منصوبہ، امن وامان کے قیام اور شہریوں کے تحفظ کیلئے بڑا اقدم

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت صوبے کے مختلف شہروں میں سیف سٹیز سے متعلق صوبائی اسٹیرنگ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں منصوبے کی مجموعی پیشرفت اور آئندہ کارروائیوں کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات زاہد سلیم، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ محمد حمزہ شفقات، سیکرٹری آئی ٹی ایاز مندوخیل، کمشنرز اور متعلقہ محکموں اور اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔ چیف سیکرٹری نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سیف سٹیز پروجیکٹ صوبے کے عوام کی حفاظت اور جدید نگرانی نظام کے قیام کے لیے نہایت اہمیت کا حامل ہے اور متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ منصوبے کی مکمل تکمیل مقررہ مدت کے اندر ممکن بنائی جائے۔ اجلاس کے شرکاء کو کوئٹہ اور گوادر کے علاوہ 9 دیگر شہروں میں بھی سیف سٹیز کے کام کے آغاز پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ کوئٹہ اور گوادر میں بنیادی انفراسٹرکچر اور نیٹ ورک کی تنصیب کے کلیدی مراحل مکمل ہو چکے ہیں۔ بلوچستان کے 9 دیگر شہروں خضدار، حب، سوئی، بیکڑ، لورالائی، تربت، دالبندین سمیت دیگر میں ابتدائی تنصیب اور سائٹ سیلیکشن کے کام تیزی سے جاری ہیں۔ چیف سیکرٹری نے متعلقہ محکموں کو واضح ہدایات دیں کہ منصوبے کے آئندہ مرحلوں کے لیے ٹائم لائنز سختی سے نافذ کی جائیں۔ معیارِ کار اور تکنیکی ضوابط کی پابندی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ لاجسٹک اور تکنیکی رکاوٹوں کی بروقت نشاندہی اور حل کے لیے خصوصی اقدامات کیے جائیں۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ سیف سٹیز منصوبہ عوامی تحفظ اور صوبے میں جدید سکیورٹی مینجمنٹ کے فروغ کے لیے ایک سنگِ میل ثابت ہوگا، اس لیے منصوبے کی جلد تکمیل اور موثر آپریشن کے لیے تمام محکمے ذمہ دارانہ انداز میں کام کریں۔ انہوں نے جولائی کے مہینے میں دوبارہ اجلاس منعقد کرنے کی ہدایت کی جس میں منصوبے کی مزید پیشرفت اور کام کی رفتار کا جائزہ لیا جائے گا۔ بہرحال بلوچستان میں سیف سٹیز کا قیام سیکیورٹی کو بہتر بنانے، جرائم کی روک تھام اور ٹریفک مینجمنٹ کے لیے انتہائی ناگزیر ہو چکا ہے۔ شہری آبادی میں اضافے کے ساتھ امن وامان برقرار رکھنے اور جرائم کی روک تھام کے لیے سیف سٹیز پراجیکٹ کا قیام خوش آئند عمل ہے۔ بلوچستان جیسے وسیع وعریض رقبے کے حامل صوبے میں انٹیلی جنس بیسڈ مانیٹرنگ اور کیمروں کی مدد سے دہشت گردی اور دیگر سنگین جرائم کو کنٹرول کرنے میں مدد ملے گی۔ جدید ہائی ڈیفینیشن اور چہرے کی شناخت والے کیمرے جرائم پیشہ عناصر پر کڑی نظر رکھتے ہیں اور سنگین جرائم کو بروقت روکنے میں مدد کرتے ہیں، انٹیگریٹڈ کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹرز کے ذریعے پولیس، ریسکیو، اور فائر بریگیڈ کو ہنگامی کالز پر چند منٹوں میں متاثرہ مقام تک پہنچایا جاتا ہے۔ خودکار کیمروں سے ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں پر ای-چالاننگ کی جاتی ہے، جس سے سڑکوں پر نظم وضبط بہتر ہوتا ہے اور مہلک حادثات میں کمی آتی ہے۔ پبلک ٹرانسپورٹ اور گاڑیوں میں نصب کیو آر پینک بٹن یا سیفٹی ایپس کی مدد سے شہری کسی بھی ہنگامی صورتحال یا ہراساں کیے جانے کی صورت میں براہِ راست حکام سے فوری مدد طلب کر سکتے ہیں۔ شواہد کی فراہمی اور تفتیش میں آسانی پیدا ہوگی۔ کیمروں کی ریکارڈنگ تفتیشی اداروں کے لیے ڈیجیٹل شواہد کا کام کرتی ہے، جس سے مقدمات کو حل کرنے اور مجرموں کو کیفرِ کردار تک پہنچانے میں مدد ملتی ہے۔ بلوچستان حکومت کی جانب سے سیف سٹیز منصوبے سے امن وامان کی صورتحال میں واضح بہتری آئے گی جس سے عوامی تحفظ یقینی ہوگا بشرطیکہ منصوبے کو شفافیت کے ساتھ اس کی بروقت تکمیل یقینی بنائی جائے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

6

Daily: MEEZAN QUETTA 20 JUN 2026

Bullet N

Page No. 21


## کوئٹہ شہر میں ٹریفک کی روانی کیلئے اقدامات!

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ٹریفک جام کا مسئلہ ایک عرصے سے چلا آرہا ہے گوکہ موجودہ دور میں اس کی بہتری کے لیے کچھ اقدامات کیے جارہے ہیں جن میں اکثر سڑکوں کی کشادگی، نئی سڑک کی تعمیر کے ساتھ ساتھ ٹریفک سگنلز کو بھی بحال کرنے کے اقدامات شامل ہیں۔ گوکہ ایک ایسے اقدامات ہیں جن سے ٹریفک جام کا مسئلہ کافی حد تک ٹھیک ہوسکتا ہے۔ کیونکہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کی اکثر سڑکیں ہزاروں کی آبادی کے لیے بنی تھیں لیکن اب چونکہ آبادی لاکھوں تک پہنچ گئی ہے اس کے ساتھ گاڑیوں، موٹر سائیکلوں اور دیگر ٹرانسپورٹ بھی زیادہ ہوگئی ہے جس کے لیے موجودہ سڑکیں ناکافی ہیں۔ اس پر ان ہی سطور میں پہلے بھی بارہا مرتبہ ذکر کیا جاچکا ہے کہ اس کا حل سڑکوں کی کشادگی، انڈر پاسز اور اوورہیڈر برجز کا بنانا ہے۔ کیونکہ جب تک ایسا نہیں کیا جاتا یہ مسئلہ جوں کا توں رہے گا۔ اس کے ساتھ یہاں گاڑیوں، موٹر سائیکلوں کی بڑھتی ہوئی تعداد اور اب رہی سہی کسر زرنج نے پوری کردی ہے جب اتنی بڑی تعداد سڑکوں پر آئے گی تو وہ کیسے گزرے گی۔ یہ ایک بڑا سوالیہ نشان ہے؟ جس پر متعلقہ اداروں کو غور کرنا چاہیے۔

گذشتہ روز کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیرصدارت شہر میں ٹریفک کے نظام کی بہتری اور ٹریفک مسائل کے حل کے حوالے سے ایک اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں ڈائریکٹر جنرل ٹریفک انجینئرنگ بیورو، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ کوئٹہ ڈویژن، ایس ایس پی ٹریفک کوئٹہ، سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے افسران، مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر رحیم کاکڑ سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں شہر میں ٹریفک کی روانی کو بہتر بنانے اور شہریوں کو درپیش مشکلات کے کاتمے کے لیے مختلف تجاویز اور اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر فیصلہ کیا گیا کہ عبدالستار روڈ کو عام ٹریفک کے لیے کھول دیا جائے گا جبکہ مذکورہ سڑک کو نو پارکنگ زون قرار دیا گیا ہے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ تمام سگنلز کو جلد از جلد مکمل طور پر فعال کردیا جائے گا۔ جس کے بعد شہر میں ٹریفک کی روانی اور نظم وضبط میں مزید بہتری آئے گی۔ کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ شہریوں کی سہولت اور ٹریفک مسائل کے مستقل حل کے لیے تمام اقدامات بروقت مکمل کیے جائیں اور مختلف محکمے باہمی تعاون کے ساتھ ٹریفک مینجمنٹ کو مزید موثر بنائیں۔

ہم سمجھتے ہیں کہ کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیرصدارت کوئٹہ شہر میں ٹریفک نظام کی بہتری اور ٹریفک مسائل کے حل کے حوالے سے ہونیوالے مذکورہ اجلاس میں کیے جانے والے فیصلے قابل تعریف ہیں ان کی روشنی میں ٹریفک جام کا مسئلہ کسی حد تک ٹھیک ہوسکتا ہے۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ متعلقہ اداروں کو اس ضمن میں احسن اقدامات کرتے ہوئے مذکورہ اجلاس میں کیے جانے والے فیصلوں کو عملی جامہ پہنانا چاہیے کیونکہ ایسا کرنے سے ہی کوئٹہ میں ٹریفک کے مسائل مستقل بنیادوں پر حل ہوسکتے ہیں۔ یہ انتہائی ناگزیر ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 20 JUN 2026

Page No. 25


## بے روزگاری، میڈیا اور بلوچستان کے حقوق۔۔۔ترجیحات کا درست تعین

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا بلوچستان اسمبلی میں خطاب کئی حوالوں سے اہمیت کا حامل ہے۔ ان کے خطاب میں صوبے کو درپیش بنیادی مسائل، میڈیا ورکرز کے روزگار، وفاق کے ساتھ مالی معاملات، توانائی کے شعبے میں اصلاحات اور خواتین کی سیاسی وسماجی شمولیت جیسے اہم موضوعات شامل تھے۔ خاص طور پر یہ اعتراف کہ بلوچستان کے عوام کے نزدیک صوبے کا سب سے بڑا مسئلہ امن وامان نہیں بلکہ بے روزگاری ہے، ایک ایسی حقیقت کی نشاندہی کرتا ہے جسے پالیسی سازی کے مرکز میں ہونا چاہیے۔ بلوچستان قدرتی وسائل، معدنی ذخائر، ساحلی پٹی اور جغرافیائی اہمیت کے باوجود ملک کا سب سے کم ترقی یافتہ صوبہ تصور کیا جاتا ہے۔ طویل عرصے سے صوبے کے مسائل کا ذکر زیادہ تر امن وامان اور سیکیورٹی کے تناظر میں کیا جاتا رہا ہے، لیکن اگر ایک آزاد سروے کے مطابق 60 فیصد سے زائد شہری بے روزگاری کو اپنا سب سے بڑا مسئلہ قرار دے رہے ہیں تو یہ حکومت، نجی شعبے اور وفاقی اداروں کے لیے ایک واضح پیغام ہے کہ معاشی مواقع پیدا کرنا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ بے روزگاری صرف معاشی مسئلہ نہیں بلکہ سماجی اور سیاسی اثرات بھی رکھتی ہے۔ روزگار سے محروم نوجوان مایوسی، احساس محرومی اور غیر یقینی صورتحال کا شکار ہو جاتے ہیں۔ ایسے حالات میں ترقیاتی منصوبوں، صنعتی سرگرمیوں، معدنی وسائل کی مقامی سطح پر پروسیسنگ اور فنی تربیت کے پروگراموں کو ترجیح دینا ناگزیر ہو جاتا ہے۔ وزیراعلیٰ کی یہ بات درست ہے کہ بے روزگاری کے خاتمے کے لیے وفاقی حکومت، صوبائی حکومت اور نجی شعبے کو مشترکہ حکمت عملی اپنانا ہوگی۔ خطاب کا ایک اہم پہلو بلوچستان میں میڈیا کے دفاتر اور بیوروز کی بندش کے خلاف وزیراعلیٰ کا دوٹوک مؤقف تھا۔ میڈیا کسی بھی معاشرے کی آنکھ اور کان ہوتا ہے۔ اگر قومی میڈیا ادارے بلوچستان جیسے وسیع اور اہم صوبے میں اپنے دفاتر بند کر دیتے ہیں تو نہ صرف مقامی صحافیوں کا روزگار متاثر ہوتا ہے بلکہ صوبے کے مسائل اور عوامی آواز بھی قومی سطح پر مؤثر انداز میں اجاگر نہیں ہو پاتی۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ بلوچستان پہلے ہی اطلاعاتی خلا اور نمائندگی کے مسئلے سے دوچار رہا ہے۔ ایسے میں میڈیا اداروں کی موجودگی مزید اہمیت اختیار کر جاتی ہے۔ وزیراعلیٰ کا یہ کہنا کہ اگر قومی میڈیا بلوچستان میں اپنے بیوروز برقرار نہیں رکھتا تو اسے "نیشنل میڈیا" کہلانے کا حق نہیں، ایک سخت مگر توجہ طلب مؤقف ہے۔ اگرچہ میڈیا ادارے معاشی مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں، تاہم قومی سطح پر کام کرنے والے اداروں کی یہ ذمہ داری بھی ہے کہ وہ ملک کے تمام حصوں کو مناسب نمائندگی فراہم کریں۔ بلوچستان کو نظرانداز کرنا قومی یکجہتی اور معلومات کے متوازن بہاؤ کے اصولوں کے منافی ہوگا۔ بجٹ کے حوالے سے وزیراعلیٰ کی جانب سے وفاق کے ساتھ مذاکرات اور صوبے کے مالی حقوق کے دفاع کا ذکر بھی اہم ہے۔ وفاقی اکائیوں کے درمیان وسائل کی منصفانہ تقسیم پاکستان کے وفاقی نظام کی بنیاد ہے۔ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے ملک کا سب سے بڑا صوبہ ہے اور یہاں ترقیاتی ضروریات بھی نسبتاً زیادہ ہیں۔ اگر صوبے کو اس کے جائز وسائل اور ترقیاتی فنڈز میسر نہیں آئیں گے تو ترقی کا عمل متاثر ہوگا۔ اس تناظر میں وزیراعلیٰ کی جانب سے صوبے کے حقوق کے لیے مضبوط موقف اختیار کرنے کا اعلان قابل تحسین ہے، البتہ اس کے نتائج کا اندازہ عملی اقدامات اور ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے ہی لگایا جا سکے گا۔ مجموعی طور پر وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا خطاب صوبے کے متعدد اہم مسائل اور ترجیحات کا احاطہ کرتا ہے۔ بے روزگاری، میڈیا ورکرز کے تحفظ، بجلی کے نظام کی بہتری، خواتین کی شمولیت اور صوبائی حقوق کے حصول جیسے موضوعات درحقیقت بلوچستان کی ترقی کے بنیادی ستون ہیں۔ اب ضرورت اس امر کی ہے کہ ان اعلانات اور وعدوں کو عملی اقدامات میں تبدیل کیا جائے، کیونکہ عوام کو بیانات سے زیادہ نتائج درکار ہیں۔ اگر حکومت روزگار کے مواقع پیدا کرنے، میڈیا کی موجودگی برقرار رکھنے، بنیادی سہولیات بہتر بنانے اور صوبے کے حقوق کے تحفظ میں کامیاب ہو جاتی ہے تو یہ بلوچستان کے لیے ایک مثبت اور دیرپا تبدیلی کا آغاز ثابت ہو سکتا ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6 Dated: 20 JUN 2026 Page No. 2-6

# Closure of media houses

The deepening crisis within Balochistan's media landscape has reached a critical flashpoint, sending shockwaves of uncertainty and anxiety through the province's journalistic fraternity. The recent decisions by several mainstream, private media houses to shut down their bureau offices and execute mass layoffs have not only jeopardized the livelihoods of countless media professionals but also threatened to completely sever Balochistan's voice from the national discourse. Working as a journalist in Pakistan's largest province by area has never been an easy feat; reporters here routinely brave extreme physical dangers, navigating a minefield of threats from militant outfits, separatist groups, and intense political pressures. To reward this immense bravery with sudden termination and the padlocking of bureau doors is a profound injustice that leaves local media persons vulnerable, jobless, and deeply disillusioned. In a welcome and necessary intervention, Balochistan Chief Minister Sarfraz Bugti forcefully addressed this crisis on the floor of the Balochistan Assembly, offering his government's unwavering support to the beleaguered journalistic community. Bugti rightfully questioned the core motives of private media conglomerates, challenging them to decide whether they function as responsible national institutions or merely as profit-driven commercial enterprises. The reality on the ground is stark and deeply troubling: while these media empires generate billions of rupees in revenue nationally, sometimes receiving meager monthly salaries as low as Rs8,000 to Rs10,000. Forcing staff to work under such subhuman financial conditions, only to abruptly fire them under the guise of cost-cutting, exposes a glaring ethical bankruptcy among media owners.

Beyond the immediate human tragedy of mass unemployment, the geopolitical and social ramifications of silencing Balochistan are immense. Comprising 43 percent of the country's landmass, the province already suffers from a severe sense of alienation and deprivation. If regional bureaus are shuttered, the positive stories, rich culture, and, more importantly, the genuine grievances and security concerns of Balochistan will never reach the federal capital or the wider public consciousness. This informational vacuum will only deepen the divide between Islamabad and Quetta. Chief Minister Bugti's appeal to Federal Information Minister Ataullah Tarar to honor his commitments is a crucial step, but it must be met with immediate, actionable policy enforcement. The federal government must hold media barons accountable, forcing them to maintain divisional bureaus and safeguard the rights of local workers. Balochistan's voice must not be blacked out for the sake of corporate profit margins.

CamScanner